Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## لندن منصوبے کے تحت جاتی امرا کے بھگوڑے کی نااہلیت کی مدت میں کمی کے معاملے پر پاکستان تحریک انصاف کا ردِ عمل

پاکستان تحریک انصاف کو ریاستی جبر کے ذریعے سیاست سے بے دخل کرنے کیلئے پھیلائی گئی لاقانونیّت کی سب سے بڑھ کر زد دستور اور اس کے روح پر پڑ رہی ہے، ترجمان تحریک انصاف

پچھلے 21 ماہ کے دوران ملک میں سب سے بڑھ کر غیر محفوظ آئین اور ریاست کی دستوری سکیم ہیں، ترجمان تحریک انصاف

ایک سوچے سمجھے "لندن منصوبے" کے تحت دستور کے بیشتر حصے کو معطّل جبکہ اس کے بیشتر کے ساتھ کبھی قانون سازی اور کبھی عدالتی فیصلوں سے چھیڑ چھاڑ جاری ہے، ترجمان تحریک انصاف

ملک کے سب سے بڑے مجرم اور بھگوڑے پر اقتدار و سیاست کے دروازے کھولنے اور لوٹ مار کے نئے سلسلے کا آغاز کرنے کیلئے دستور اور نظام احتساب کے تار و پود بکھیر دیے گئے، ترجمان تحریک انصاف

جو شخص اپریل 2016 سے آج تک لندن جائیدادوں کا حساب دے سکا نہ اپنی صفائی میں ایک رسید تک پیش کر سکا اسے این آر او دیکر پوری دستوری سکیم اجاڑی جا رہی ہے، ترجمان تحریک انصاف

انجینئرڈ جسٹس کے ذریعے اس مجرم کے عدالتوں پر ننگے حملوں اور ججز کیخلاف سازش و شر انگیزی کے شرمناک اثاثے کو حلال کیا جانا افسوسناک ہے، ترجمان تحریک انصاف

پانامہ شریف کی نااہلیت کو اہلیت میں بدلنے والے بیشک اس کے انتخابی ایجنٹ بن جائیں مگر ایون فیلڈ کی جائیدادوں کے اصل مالک اور ان کی خریداری میں استعمال ہونے والے پیسے کے ذرائع تو قوم کے سامنے رکھیں، ترجمان تحریک انصاف

نظریۂ ضرورت کی منحوس روح کے زیرِ اثر عدالتوں سے "نظریۂ لاڈ" کی تائید و توثیق پاکستان میں سیاست و حکومت میں بدترین بگاڑ کے دروازے کھول رہی ہے، ترجمان تحریک انصاف

ریاستی پناہ و سرپرستی میں وطن واپس لا کر عدالتوں سے اشنان کروانے کے باوجود قوم اس مجرم کی پیشانی پر تاحیات نااہلی کی مہر ثبت کرنے پر بضد ہے، ترجمان تحریک انصاف

بھگوڑے کو جھاڑ پونچھ کر سیاست میں اتارنے والے اسے گود میں اٹھا کر خود بھی انتخاب میں اتریں تو بھی قوم قبول نہیں کرے گی، ترجمان تحریک انصاف

8 فروری لاقانونیّت، لاڈلا سازی اور انصاف کی نیلامی کے جاری سلسلۂ تاریک کے انجام و احتساب کا دن ہے، ترجمان تحریک انصاف

ساڑھے بارہ کروڑ پاکستانی 8 فروری کو دستور و جمہوریت کے ساتھ ملک کی اقدار اور اس کے مستقبل کیخلاف کئے گئے ہر مکروہ اقدام کا بدلہ اپنے ووٹ سے لیں گے، ان شاءاللہ، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ